36869 ـ صفا اور مروه كےمابين سعي حج يا عمره كے علاوه مشروع نہيں

سوال

كيا نفلي سعي كرني جائز ہے ؟

پسنديده جواب

الحمد لله.

شيخ ابن عثيمين رحمہ اللہ تعالى كہتے ہيں :

نفلي سعي كرنا جائز نہيں اس ليے كہ سعي صرف حج يا عمرة ميں ہي كرنا مشروع ہے اس كي دليل مندرجہ ذيل فرمان باري تعالى ہے :

يقينا صفا اور مروه اللہ تعالى كي نشانيوں ميں سے ہيں اس لئے بيت اللہ كا حج وعمره كرنے والے پر ان كا طواف كرلينے ميں بھي كوئي حرج نہيں ،اپني خوشي سے بھلائي كرنے والوں كا اللہ تعالى قدر دان ہے اور انہيں خوب جاننے والا ہے البقرة (158) .